شَجَرَةٌ طَيِّبَةٌ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ

شجرۂ طیبہ

سلسلۂ

چشتیہ قادریہ و نقشبندیہ و مجدّدیہ محمّدیہ

مع ضمیمہ مفیدہ

از

حضرت مولانا محمّد عبد اللطیف صاحب قبلہ

پھول تلی۔ سلہٹی

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ
والسلام علیٰ رسولہ محمد وسیلۃ
الطالبین وعلیٰ آلہ واصحابہ ائمۃ
السالکین۔

امّا بعد :- بیعت وتوبہ سے مشرف ہوکر
زبدۃ العارفین شیخ القرأ والمفسرین حضرت مولانا
محمد عبد اللطیف صاحب قبلہ پھول تلی
سلمہٗ ادام اللہ تعالیٰ فیوضہ کے توسط سے طریقۂ
عالیہ چشتیہ و قادریہ و نقشبندیہ و مجددیہ

اور محمدیہ کے سلسلہ میں منسلک ہوا۔ اور
آنحضرت کو بیعت و اجازت کا انتساب حاصل
ہے قطب الاولیاء حضرت مولانا ابو یوسف محمد
یعقوب صاحب بدرپوری رحمۃ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو اپنے مرشد قدوۃ العلماء والعرفاء
حضرت مولانا حافظ احمد قدس سرہ سے اور
انھوں کو اپنے والد ماجد قدوۃ العلماء زبدۃ
المحدثین والمفسرین مولانا ومرشدنا حضرت
مولانا کرامت علی جون پوریؒ سے اور انھوں کو
زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین امیر المؤمنین
مولانا ومرشدنا حضرت مولانا سیّد احمد

Scanned with CamScanner

رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو سلسلوں کے
برکات دو طریقے سے حاصل ہیں اوّل اویسیہ
سویہ طریقۂ نقشبندیہ میں امام الشریعۃ و
الطریقۃ حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندی
بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی روح مقدس سے اور
طریقۂ چشتیہ میں قطب الاقطاب حضرت
خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ
کی روح مقدس سے اور طریقۂ قادریہ میں
غوث الثقلین حضرت سید عبدالقادر جیلانی
رحمۃ اللہ علیہ کی روح مقدس سے . اور
طریقۂ مجددیہ و محمدیہ میں بغیر کسی کے توسط

کے جناب حضرت حق تعالیٰ سے مستفید ہوئے
اس مقام اویسیہ کا حصول اگرچہ محض فضل
الٰہی سے متحقق ہوا تاہم کوئی ظاہری سبب
بھی ہونا چاہیئے سو یہ ان کے حق میں ان کے
مرشد رحمۃ اللہ علیہ کی دعا ہے۔

حصول برکات کا دوسرا طریقہ بیعت
اور اجازت ہے سو انھوں کو انتساب و اجازت
حاصل ہے قدوۃ العلماء و المحدثین وارث الانبیاء
والمرسلین حجۃ اللہ علی العالمین مولانا و مرشدنا
حضرت شیخ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو اپنے والد ماجد شاہ ولی اللہ

Scanned with CamScanner

دہلوی رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو اپنے والد
ماجد شیخ عبدالرحیم دہلوی رحمتہ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو طریقہ چشتیہ میں اپنے نانا شیخ رفیع الدین
رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ قطب العالم
رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ نجم الحق چائیں اللہ رح
سے اور انھوں کو شیخ عبدالعزیز رحمتہ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو قاضی خان یوسف ناصحی رحمتہ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو شیخ حسن طاہر رحمتہ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو شیخ سید راجی حامد شاہ رحمتہ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو شیخ حسام الدین مانکپوری رحمتہ اللہ علیہ
سے اور انھوں کو خواجہ نور قطب العالم

رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ
علاؤالحق رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ
اخی سراج رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو جناب
سلطان الاولیاء حضرت نظام الدین رحمتہ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو امام الزاہدین حضرت
شیخ فریدالدین شکر گنج رحمتہ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو نائب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خواجہ معین الدین
چشتی رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو خواجہ
عثمان ہارونی رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں

Scanned with CamScanner

کو حاجی شریف زندنی رحمۃ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو خواجہ مودود چشتی رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو خواجہ یوسف چشتی
رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو خواجہ محمد
چشتی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو خواجہ
ابو احمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو
خواجہ ابو اسحاق چشتی رحمۃ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو شیخ علو دینوری رحمۃ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو ابی ہبیرہ بصری رحمۃ اللہ علیہ
سے اور انھوں کو حضرت حذیفہ مرعشی رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو سلطان التارکین حضرت

ابراہیم ادہم بلخی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں
کو حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو حضرت عبد الواحد بن زید رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو خیر التابعین حضرت حسن
بصری رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو امام
الاولیاء قدوۃ الاتقیاء حضرت علی کرم اللہ
وجہہ سے اور آپ کو سید الانبیاء والمرسلین
محبوب رب العالمین احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ
صلی اللہ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین سے

اسی طرح شیخ عبد الرحیم دہلوی
قدس سرہ کو طریقۂ قادریہ میں بیعت و

Scanned with CamScanner

اجازت کا انتساب سیّد عبد اللہ اکبرآبادی
رحمتہ اللہ علیہ سے حاصل ہے اور انھوں کو سیّد
آدم بنوری رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو
جناب امام ربّانی مخدوم زمانی مجدد الف
ثانی شیخ احمد سرہندی رحمتہ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو اپنے والد ماجد شیخ عبد الاحد
رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شاہ کمال
رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شاہ فضیل
اور انھوں کو سید گدا رحمٰن رحمتہ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو سیّد شمس الدین عارف رحمتہ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو سید گدا رحمٰن ابن

ابی الحسن رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ
شمس الدین صحرائی رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں
کو سیّد عقیل رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو
سید بہاؤ الدین رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو
سیّد عبد الوہاب رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں کو
سیّد شرف الدین قتّال رحمتہ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو سیّد عبد الرزاق رحمتہ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو غوث الاعظم سیّد محی الدین
عبد القادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ سے اور انھوں
کو شیخ ابی سعید مخزومی رحمتہ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو شیخ ابی الحسن قرشی رحمتہ اللہ علیہ سے

Scanned with CamScanner

اور انھوں کو شیخ ابی الفرح طرطوسی رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو شیخ ابی الفضل عبد الواحد
تمیمی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ عبد العزیز
تمیمی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ ابی بکر
شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو سید الطائفہ
حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو شیخ ابی الحسن سری سقطی رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو شیخ معروف کرخی رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو امام علی رضا رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو حضرت امام موسیٰ کاظم
رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو حضرت امام جعفر
صادق رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو حضرت
امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو
حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ سے
اور انھوں کو سید الشہداء حضرت امام حسین
رضی اللہ عنہ سے اور انھوں کو سید الاولیاء
خاتم الخلفاء حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے
اور انھوں کو سید الانبیاء حضرت محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

اسی طرح شیخ عبد الرحیم دہلوی قدس
سرہ کو طریقۂ نقشبندیہ و مجددیہ میں انتساب

بیعت و اجازت سیّد عبداللہ اکبر آبادی
رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل ہے اور انھوں کو
سیّد آدم بنوری رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں
کو شیخ احمد سرہندی مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو خواجہ امکنکی رحمۃ اللہ علیہ
سے اور انھوں کو مولانا درویش محمد رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو مولانا زاہد رحمۃ اللہ
علیہ سے اور انھوں کو خواجہ عبید اللہ احرار
رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو مولانا یعقوب
چرخی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو امام الشریعۃ

والطریقۃ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند
رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو خواجہ محمد بابا
سماسی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو خواجہ
علی رامیتنی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو
خواجہ محمود الخیر فغنوی رحمۃ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو خواجہ عارف ریوگری رحمۃ اللہ علیہ
سے اور انھوں کو خواجہ خواجگان خواجہ عبد
الخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں
کو خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو خواجہ ابی علی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ
سے اور انھوں کو امام ابی القاسم قشیری

Scanned with CamScanner

رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ ابی علی
دَقّاق رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ
ابی القاسم نصیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو شیخ ابی بکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو سیّد الطائفہ حضرت جنید بغدادی
رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ ابی الحسن
سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو شیخ
معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں کو
حضرت امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں
کو حضرت امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ سے اور
انھوں کو حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ

علیہ سے اور انھوں کو رئیس الفقہاء والتابعین
حضرت قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں
کو صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم حضرت
سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے اور انھوں کو
امیر المؤمنین سیّد الواصلین افضل الخلفاء الراشدین
حضرت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے اور انھوں
کو سیّد المرسلین امام المتقین احمد مجتبیٰ محمّد
مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے۔

نصیحت

منقول از شجرۂ طیبۂ یعقوبیہ

پانچ وقت کی نماز ٹھیک اور درست

Scanned with CamScanner

ادا کرنا فرض ہے۔ نماز کی برکت سے سب برائی
چھوٹ جاتی ہے اور شجرہ اس واسطے ہے تاکہ
معلوم ہو کہ ہمارا سلسلہ خاتم النبیین صلی اللہ
علیہ وسلم تک کن بزرگوں کے واسطے سے ملتا
ہے اور ان بزرگوں کو اپنا پیشوا جانیں اور
یہ جو عوام میں رائج ہے کہ شجرے کو پوجتے ہیں
اور لوبان سلگا کے اسکو بانٹتے ہیں اور جانتے
ہیں کہ یہی شجرہ ہم کو بخشوائے گا ہم نماز پڑھیں
یا نہ پڑھیں سو یہ غلط ہے۔ مومن کی نجات جس
راہ میں ہے وہ راہ قرآن و حدیث اور فقہ میں
ہے اگر ان تینوں میں سے کسی ایک کو چھوڑا

تو گمراہ ہوا وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

ضمیمہ ضروریہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہ وَالصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ
اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ہ

اَمَّا بَعْد :- خاکسار محمد عبد اللطیف
پھول تلی سلہٹی دینی بھائیوں کی خدمت میں
عرض کرتا ہے کہ طریقۂ نقشبندیہ اور طریقۂ
قادریہ کی تعلیم کے لئے مولانا و مرشدنا حضرت
مولانا محمد کرامت علی جون پوری رحمۃ اللہ علیہ

Scanned with CamScanner

کی کتاب مستطاب رفیق السالکین پر اکتفا
کرتا ہوں کیونکہ اس میں ان دونوں طریقوں
کا ذکر اور مراقبہ اوّل سے آخر تک لکھا ہے
چونکہ طریقہ چشتیہ کی تعلیم اس کتاب میں نہیں
لکھا لہذا نہایت مختصر طور پر لکھتا ہوں اگر
توفیق خداوندی نے یاوری کی تو ارادہ ہے
کہ چاروں طریقوں کے اشغال۔ مراقبات اور
اربعینات کے بارے میں ایک مستقل رسالہ
لکھوں واللہ الموفق والمعین وبہ استعین

این سعادت بزور بازو نیست تانہ بخشد خدائے بخشندہ

محمد عبد اللطیف غفرلہ

تعلیم طریقہ چشتیہ نظامیہ

استغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ
الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ
اَتُوْبُ اِلَیْہِ ؕ (روزانہ دو سو بار)

درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ
وَتَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ (روزانہ چار سو بار)

نفی واثبات بدن کے بائیں جانب
کے نیچے حصّے کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے لفظ لَا کو
ناف کی بائیں جانب سے کھینچے اور لفظ اِلٰہَ کو

Scanned with CamScanner

داہنے مونڈھے تک کھینچتے ہوئے لائے اور
چہرے کو داہنے مونڈھے پر لاکر پیٹھ کی طرف
جھکائے اور خیال کرے کہ ماسوا اللہ سب
چیزوں کو دل و دماغ سے نکال کر پسِ پشت
ڈالدیا پھر بائیں طرف سر جھکاتے ہوئے
قلب پر اِلَّا اللہ کی ضرب لگائے یہ ذِکر
(روزانہ دو سو ۲۰۰ بار)

اثبات اوّل سر کو داہنے مونڈھے پر
لائے پھر وہاں سے بائیں طرف جھکائے
اور قلب پر "اِلَّا اللہ" کی ضرب لگائے
(یہ ذِکر روزانہ چار سو ۴۰۰ بار کرے)

اِسمِ ذات سر کو داہنے مونڈھے پر سے
قلب کی طرف جھکاتے ہوئے لفظ "اللہ" کو مع
مد کے ساتھ ضرب لگائے پھر سر کو داہنے
مونڈھے پر لاکر لفظ اللہ کو ساکن کر کے
ضرب لگائے۔ یہ ذکر روزانہ (چھ سو ۶۰۰ بار)

پاس انفاس سانس اندر لیتے وقت
منہ اور زبان کو بند رکھتے ہوئے بلند آواز
کے ساتھ لفظ اللہ کو اندر کھینچے اور سانس
باہر چھوڑتے وقت اسی طرح لفظ اللہ کو
ساکن کر کے نکالے۔ اس میں کوئی عدد معین
نہیں ہے۔

Scanned with CamScanner

مراقبۂ صفات

سمعؔ - بصرؔ - تکلمؔ - ارادہ - قدرتؔ - حیاتؔ علمؔ - ان سات صفتوں کا علیحدہ علیحدہ مراقبہ کرے۔

مراقبہ کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اپنے کو جہانتک ممکن ہو چھوٹا تصور کرے پھر آسمان وزمین یعنی کل عالمؔ کو نہایت چھوٹا خیال کرے جب اس حد تک پہونچے کہ کل عالمؔ اللہ کے سامنے کخردلۃ فی الصحراء معلوم ہونے لگے تو مراقبہ شروع کرے۔

پہلا مراقبہ سمع کا | "اللہ سمیعٌ" اس

مراقبہ کی کیفیت بطور اشارہ اتنی لکھی جاتی ہے کہ اللہ کی سماعت کل عالم کو اسطرح محیط ہے جیسے ہمارے کان کے سوراخ میں کوئی چھوٹا سا ذرّہ رکھدیا جائے۔

دوسرا مراقبہ بصر کا | "اللہ بصیرٌ" بطور تمثیل اس مراقبہ کی کیفیت یوں سمجھے کہ اللہ کی بصارت کے احاطہ کے سامنے کل کائنات اس طرح ہے جیسے ہماری آنکھوں کے سامنے کوئی غیر محسوس ذرہ ہو۔

تیسرا مراقبہ تکلم کا | یوں خیال کرے کہ کل اشیائے جو صوت و کلام ظاہر ہوتا ہے وہ

Scanned with CamScanner

حقیقت میں ذاتِ باری تعالیٰ سے ہے مثال
کے طور پر خیال کرے کہ وہ آواز جو بانسری سے
نکلتی ہے درحقیقت وہ بجانے والا کی آواز
ہے اسی طرح کل اشیاء سے ظاہر ہونے والی
صوت درحقیقت اشیاء سے نہیں بلکہ ذات
باری تعالیٰ ہی سے ظاہر ہوتی ہے۔

چوتھا مراقبہ ارادہ کا

"اللّٰہُ مُرِیْدٌ"

اس مراقبہ کی حقیقت یہ ہے کہ تمام اشیاء کا
ارادہ خصوصاً مومن اور اس سے بڑھکر طالب
کا ارادہ اللہ کے ارادے کے قبضہ میں ہے۔
کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انّ القلوب

بین اصبعین من اصابع اللہ یقلّبھا
کیف یشاء (رواہ الترمذی وابن ماجہ)

پانچواں مراقبہ قدرت کا

"اللّٰہُ قَادِرٌ"

یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت کا قبضہ کل کائنات کو
اسطرح محیط ہے جیسے ہماری مٹھی میں کوئی
چھوٹی سی چیز رکھی ہوئی ہو۔

چھٹا مراقبہ حیات کا

"اللّٰہُ حَیٌّ" اس
مراقبہ کی حقیقت یہ ہے کہ تمام اشیاء کی
زندگی اللہ تعالیٰ کی صفت حیوٰۃ کا عکس ہے
یہ محض خیال ہی خیال نہیں بلکہ اگر غور سے
دیکھے تو حقیقت یہ ہے کہ مخلوق کی حیات

Scanned with CamScanner

کی حقیقت ذات باری تعالیٰ سے تعلق کا نام
ہے اور موت کی حقیقت قطع تعلق ہے
کلام اللہ میں اس بات کی طرف اشارہ ہے
کما قال اللہ تعالیٰ اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی

ساتواں مراقبہ علم کا

اللہ علیہم تمثیلاً یوں
سمجھے کہ کوئی بنائی ہوئی چیز جبتک بنانے
والے کے سامنے موجود ہو اور اس میں تصرف
کا کل اختیار اسی کو ہو تو اس بنانے والے کا
علم جسطرح اس چیز کی حقیقت و ماہیت کو
محیط ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کا علم کل کائنات
کو محیط ہے یعنی تفصیل میں اگر یہ کہا جائے

تو کچھ غلط نہیں ہوگا کہ کل جاننے والا مستفید
ہے علم خداوندی سے جسطرح آفتاب در آئینہ
مستفاد ہے ذات آفتاب سے بطور تمثیل کہا
جاتا ہے کیونکہ آگے زبان چلانے کی گنجائش
نہیں ورنہ اس میں اور بھی سرِ مکنون ہے۔

آٹھواں مراقبہ قرب نوافل

اجمالی
طور پر اسے یہ سمجھنا چاہیئے کہ حق تعالیٰ فاعل
ہے اور بندہ آلات جیسے کاریگر کے ہاتھ میں
ہتھیار۔

نواں مراقبہ قرب فرائض

اس کی
تفصیل عام فہم نہیں۔ عام لوگوں کی عقیدت

Scanned with CamScanner

میں رخنہ پڑنے کا اندیشہ ہے اس لئے صرف
دلیل پر اکتفا کیا گیا۔ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى۔ اس آیت کریمہ میں مراقبہ
مذکورہ کی حقیقت مکنون ہے۔

(نقشبندیہ طریقہ میں درمیان مقامات
"فِی اللّٰہ" اور "مَعَ اللّٰہ" اس مراقبہ کے اسرار
منکشف ہوتے ہیں)

طریقۂ چشتیہ میں سیر سلوک چار مقامات
پر منحصر ہے "مِنَ اللّٰہ۔ اِلَی اللّٰہ۔ فِی اللّٰہ
اور مع اللّٰہ" جس کا تفصیلی بیان
مرج البحرین میں مذکور ہے۔ (واللہ اعلم)

دُعَاءِ تَوَجُّہ

یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ دُلَّنِیْ بِكَ
عَلَیْنَا وَارْزُقْنِیْ الثَّبَاتَ عِنْدَ وُجُوْدِكَ
مَا اَكُوْنُ مُنَادِیًا بَیْنَ یَدَیْكَ یَا اللّٰہُ۔
یَا اللّٰہُ۔ یَا اللّٰہُ۔ اِلٰهِیْ اجْعَلْ قَلْبَ عَبْدِكَ
عَبْدِ الضَّعِیْفِ مُظْهِرًا لِذَاتِكَ وَ
مُنْبَعًا لِاٰیَاتِكَ یَا اللّٰہُ۔ یَا اللّٰہُ۔ یَا اللّٰہُ۔
اِلٰهِیْ بِعَظْمَتِكَ وَجَلَالِكَ
وَارْزُقْنِیْ حُبَّكَ




Scanned with CamScanner

تالیفات حضرت پھول تلی صاحب قبلہ

(۱) منتخب السیر (حصہ اوّل) صہ ۱۴۴ ۔ ۱۶ر

(۲) منتخب السیر (حصہ دوم) صہ ۱۶۰ ۱۰ر

(۳) القول السدید فی القراءۃ والتجوید صہ ۱۱۲ ۵۰/ر

(۴) نالۂ قلندر (نظم) صہ ۱۶ ۱ر

ملنے کا پتہ

پھول تلی صاحب باڑی لائبریری ؒ

پوسٹ:۔ رتن گنج ۔ ضلع :۔ سلہٹ، بنگلہ دیش

کاتب :۔ محمد روح الامین

Scanned with CamScanner

Amran Hosan
01783587480
01850054403

Pdf Created by Amran Hosan

www.facebook.com/mdamran.hosan.9

www.amrangp.blogspot.com

Call/imo/whatsapp: 01783587480

www.facebook.com/mdamran.hosan.9

Scanned with CamScanner